اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّابَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# جدول برائے جامعات المدینۃ

۱۔ خوش نصیب اسلامی بھائی صبح فجر کا وقت شروع ہونے سے ۲۶ منٹ قبل بیدار ہو کر **نماز تہجد** (باجماعت) ادا کرنے والے مدنی انعام پر عمل کی سعادت حاصل کریں۔ پھر اذانِ فجر تک ذکر و اذکار میں مشغول رہیں، تمام کام کاج موقوف کر کے **اذان کا جواب** دیں، اذانِ فجر کے بعد **صدائے مدینہ** لگانے والے مدنی انعام پر عمل کرتے ہوئے تمام اسلامی بھائی اپنے حلقوں میں صدائے مدینہ کی ترکیب بنائیں، صدائے مدینہ کے بعد ۷ منٹ قبل مسجد میں جا کر **سنتِ قبلیہ جماعت شروع ہونے سے قبل** اور پھر باجماعت نماز ادا کرنے والے مدنی انعام پر عمل کی سعادت حاصل کریں گے۔ اور بعد از نمازِ فجر **مدنی حلقہ** (کنزالایمان سے تین آیات بمع ترجمہ و تفسیر، فیضانِ سنت سے درس اور شجرہ شریف) میں شرکت کی سعادت حاصل کریں گے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

۲۔ ناشتہ: ہر جائز کھانا صبر و شکر کے ساتھ تناول کرنے والے مدنی انعام پر عمل کرتے ہوئے کم از کم دعائے مدینہ سے ۴۱ منٹ قبل علمِ دین حاصل کرنے پر قوت حاصل کرنے کی نیت سے سُنّت کے مطابق ناشتہ کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

۳۔ دعائے مدینہ سے ۱۲ منٹ قبل نمازِ اشراق و چاشت ادا کرنے والے مدنی انعام پر عمل کرتے ہوئے باجماعت نمازِ اشراق و چاشت ادا کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

۴۔ نظام الاوقات کی پابندی کرنے والے مدنی انعام پر عمل کرتے ہوئے خشوع و خضوع کے ساتھ دعائے مدینہ میں وقت مقررہ پر شرکت کی سعادت حاصل کریں گے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

۵۔ اساتذہ یا منتظمین کی کوئی بات ناگوار گزرنے پر صبر کرنے، استاد صاحب بلکہ کسی کی بھی پیچھے سے نقلیں نہ اتارنے، استاد صاحب کی نشست گاہ پر بیٹھنے کی بے ادبی سے بچنے، استادِ محترم سے امتحاناً سوال نہ کرنے والے مدنی انعامات پر عمل کرتے ہوئے اول تا آخر درجوں میں شرکت کی سعادت حاصل کریں گے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

**نوٹ:** روزانہ مدنی چینل کے پیریڈ میں بھی شرکت فرمائیں مگر بروز اتوار مدنی چینل کا پیریڈ نہیں ہوگا پانچویں پیریڈ کے بعد آخری 2 پیریڈ مدنی تربیتی اجتماع ہوگا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

۶۔ دوپہر کو عبادت پر قوت حاصل کرنے کی نیت سے پردے میں پردہ کیے سنت کے مطابق کھانا تناول کرنے والے مدنی انعام پر عمل کی سعادت حاصل کریں گے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ (نفس کو کھانا پسند نہ آنے پر منہ بگاڑنا یا معاذ اللہ عزوجل کھانے کی خامیاں بیان کرنا سنت نہیں سرکار صلی اللہ علیہ والہ وسلم کبھی بھی کھانے کو عیب نہ لگاتے)

۷۔ نمازِ ظہر: سنت قبلیہ جماعت شروع ہونے سے قبل، پانچوں نمازیں مسجد کی پہلی صف میں تکبیر اولیٰ کے ساتھ باجماعت ادا کرنے والے مدنی انعام پر عمل کرتے ہوئے نمازِ ظہر باجماعت ادا کرنے اور بعدِ نماز فیضانِ سنت کے ترتیب وار چار صفحات پڑھنے یا سننے والے مدنی انعام پر عمل کی سعادت حاصل کریں گے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

۹۔ بعد از نمازِ ظہر جامعہ کے تعلیمی حلقوں کے جدول کے مطابق تعلیمی حلقوں میں اول تا آخر شرکت کرنے والے مدنی انعام پر عمل کی

سعادت حاصل کریں۔ تعلیمی حلقوں کے بعد جدول کے مطابق آرام کی ترکیب ہوگی۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلّ

**مدینہ: جنوری، فروری، اکتوبر، نومبر، دسمبر میں دن کے تعلیمی حلقوں کا وقت بعد نمازِ ظہر ایک گھنٹہ جبکہ مارچ، اپریل، اگست، ستمبر میں 1 گھنٹہ 30 منٹ اور مئی، جون، جولائی میں 1 گھنٹہ 45 منٹ ہوگا۔**

۱۰۔ اذانِ عصر سے ۱۲ منٹ قبل بیدار ہوکر سنت قبلیہ جماعت شروع ہونے سے قبل، پانچوں نمازیں مسجد کی پہلی صف میں تکبیرِ اولیٰ کے ساتھ باجماعت ادا کرنے والے مدنی انعام پر عمل کرتے ہوئے نمازِ عصر باجماعت ادا کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلّ

۱۱۔ مدنی حلقوں کے اوقات میں دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں میں ۲ گھنٹے صرف کرنے والے مدنی انعام پر عمل کرتے ہوئے اپنی ذمہ داری کے حلقوں میں جاتے ہوئے ۲ چوک درس، نمازِ مغرب مسجد کی پہلی صف میں تکبیرِ اولیٰ کے ساتھ باجماعت ادا کرنے کے بعد مسجد درس اور بعدِ درس ۱۲ منٹ انفرادی کوشش کرتے ہوئے کم از کم ۱۲ اسلامی بھائیوں کے نام و پتہ لکھنے والے مدنی انعام پر عمل کی سعادت حاصل کریں گے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلّ

۱۲۔ ذیلی حلقوں سے واپسی کے بعد ہر جائز کھانا صبر و شکر کے ساتھ تناول کر لینے والے مدنی انعام پر عمل کی سعادت حاصل کریں گے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلّ

۱۳۔ نمازِ عشاء سے کم از کم ۱۹ منٹ قبل کھانے سے فارغ ہوجائیں اور طبعی حاجات سے فارغ ہوکر مسجد کی پہلی صف میں نمازِ عشاء باجماعت ادا کر کے رات کو سورۃ الملک پڑھنے اور صلوٰۃ التوبہ پڑھ کر دن بھر کے بلکہ سابقہ ہونے والے تمام گناہوں سے توبہ کرنے والے مدنی انعام پر عمل کی سعادت حاصل کریں گے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلّ

۱۴۔ نمازِ عشاء کے بعد تعلیمی حلقوں میں اول تا آخر شرکت کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ تعلیمی حلقوں سے فارغ ہوکر حتی الامکان (پلاسٹک کی نہیں) کھجور وغیرہ کی چٹائی پر یا نہ ہونے کی صورت میں زمین پر سوتے وقت سرہانے سنت کے مطابق آئینہ، سرمہ، دھاگہ، مسواک، تیل کی شیشی اور قینچی ساتھ رکھ کر سونے نیز فراغت کے بعد بستر اور لباس تہہ کر کے رکھنے والے مدنی انعام پر عمل کی سعادت حاصل کریں گے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلّ

**نوٹ: جنوری، فروری، اکتوبر، نومبر، دسمبر میں رات کے تعلیمی حلقوں کا وقت بعد نمازِ عشاء تین گھنٹے جبکہ مارچ، اپریل، اگست، ستمبر 2 گھنٹے 30 منٹ اور مئی، جون، جولائی میں 2 گھنٹے ہوگا۔**

**مجلس جامعات المدینہ**

**(دعوت اسلامی)**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّابَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# ھفتہ وار مدنی کاموں کا جدول

**جمعۃ المبارک:** اطراف/ گاؤں میں جمعہ اعتکاف کرنے والا مدنی کام کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

**ہفتہ:** ہفتے میں کم از کم ایک مریض یا دکھی کے گھر یا اسپتال جا کر سُنّت کے مطابق غمخواری کرنے والے مدنی انعام پر عمل کی نیت سے جس حلقہ میں مدنی کام کرتے ہیں وہاں یا درجہ میں بیمار کی عیادت کی سعادت حاصل کریں گے۔ نیز جہاں تحصیل اجتماع ہوتا ہے وہاں اسمیں بھی شرکت کریں گے اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

**اتوار:** اپنی ذمہ داری کے حلقے میں عصر تا مغرب تربیتی حلقہ لگائیں (۵ منٹ تلاوت ونعت نماز کے احکام سے وضو وغسل وغیرہ کے چند احکام سنتیں اور آداب میں سے کسی ایک کام کی سنتیں اور آخر میں کوئی ایک دعا سکھانے کی ترکیب) اور اس میں شرکت کی سعادت حاصل کریں گے۔اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

**پیر:** اپنی ذمہ داری کے حلقے میں کسی ایک مقام پر اپنے مدنی کاموں کے اوقات میں درس کے بعد وی سی ڈی اجتماع کرنے والے مدنی انعام پر عمل کی سعادت حاصل کریں گے۔ خوش نصیب اسلامی بھائی پیر شریف کا روزہ رکھنے والے مدنی انعام پر بھی عمل کی سعادت حاصل کریں گے۔اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

**منگل:** پورے ہفتے کے مدنی کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے اس کی کارکردگی تحریر کرنے کی سعادت حاصل کریں تاکہ یہ کارکردگی ناظمِ جامعہ/اپنے نگران کو پیش کریں۔اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

**بدھ:** ہر ہفتے علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت والے مدنی انعام پر عمل کرتے ہوئے نمازِ عصر سے ۲۶ منٹ قبل اپنے ذیلی حلقوں میں پہنچ کر ذمہ داریاں تقسیم کر کے نمازِ عصر مسجد کی پہلی صف میں باجماعت ادا کرنے اور بعدِ عصر بیان کر کے مقامی اسلامی بھائیوں کے ساتھ جا کر علاقائی دورہ کرنے کی سعادت حاصل کریں گے، بعد از نمازِ مغرب بیان، بعدِ بیان ۱۲ منٹ انفرادی کوشش کرتے ہوئے کم از کم ۱۲ اسلامی بھائیوں کے نام و پتہ لکھنے والے مدنی انعام پر عمل کی سعادت حاصل کریں گے۔اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

**جمعرات:** ہفتہ وار اجتماع کے مقام پر نماز مغرب تمام اسلامی بھائی باجماعت ادا کر کے ہفتہ وار اجتماع میں آغاز ہی سے شریک ہو کر (جتنی دیر بیٹھ سکیں اتنی دیر) دوزانوں بیٹھ کر حتی الامکان نگاہیں نیچی کیے ہر بیان ذکر و دعا اور کھڑے ہو کر صلوٰۃ وسلام میں شرکت اور مسجد میں (بمع بعد حلقہ، تہجد و نمازِ فجر، اشراق وچاشت) ساری رات اعتکاف کرنے والے مدنی انعام پر عمل کی سعادت حاصل کریں گے۔اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

**مجلس جامعات المدینہ**

**(دعوت اسلامی)**